016/DM/18

Register Number									

DEPARTMENTAL EXAMINATIONS

TRANSLATION TEST – SECOND PAPER – TRANSLATION OF NEWS PAPER REPORT IN URDU TO ENGLISH

(Without Books)

Maximum Time : 2.30 hours Maximum Marks : 100

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔ **(5 × 20 = 100)**

ذیل کی عبارت کا انگریزی میں ترجمہ کیجئے (Tanslate into English) :

کلام کی 86 ویں یومِ پیدائش پر اہلِ وطن کا انوکھا تحفہ

1. نئی دہلی، 15/ اکتوبر (یو این آئی) نئے ہندوستان کی تعمیر کے لئے نوجوان طبقہ کو تحریک دینے والے مرحوم صدرِ جمہوریہ ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کو ایک لاکھ سے زائد لوگوں نے پرکشش اور رنگ برنگے پوسٹ کارڈوں پر پینٹنگ کے ذریعہ خراجِ عقیدت پیش کی ہے۔ ڈاکٹر کلام کی 86 ویں یومِ پیدائش پر ان پوسٹ کارڈوں میں 214 بہترین پوسٹ کارڈوں کی ایک انوکھی کتاب۔ ''ڈریم مشن'' کے نام سے شائع کی گئی ہے جس کا آج آن لائن اجراء پدوچیری کی گورنر کرن بیدی اور مشہور کرکٹر متالی راج نے کیا۔ اس کتاب کا دیباچہ مسز کرن بیدی نے لکھا ہے۔ گزشتہ دو سال سے ''لیٹر فارمز'' نامی تنظیم پوسٹ کارڈ کے ذریعہ ڈاکٹر کلام کی خدمات کو اجاگر کرنے کے لئے ایک مہم چلا رہی ہے جس کے تحت ملک کے مختلف حصوں سے ہر ہفتہ ہزاروں پوسٹ کارڈ مذکورہ تنظیم کو مل رہے ہیں۔ ان پوسٹ کارڈوں پر بچوں، بوڑھوں اور خواتین سے لے کر سبھی طبقہ اور مذاہب و زبانوں کے لوگوں نے کلام کے لئے اپنے جذبات کا اظہار کیا ہے۔

[Turn over

2. مذکورہ تنظیم کے پروگرام ڈائرکٹر زوبی جان نے بتایا کہ ہندی، انگریزی ملیالم، اردو اور پنجابی سمیت کئی زبانوں میں لوگوں نے ڈاکٹر کلام کے خوابوں کا ہندوستان بنانے کے لئے پوسٹ کارڈ پر اپنے اپنے جذبات و احساسات کو تخلیقی انداز میں واضح کیا ہے۔ ان ایک لاکھ سے زائد پوسٹ کارڈوں میں سے 214 پوسٹ کارڈوں کا انتخاب کر کے انہیں ''ڈریم مشن'' نامی کتابی شکل میں شائع کیا گیا ہے۔ اس کتاب کے چار باب ہیں جن میں سب کو تعلیم، خواتین کو خود کفیل، ماحولیات، بچہ مزدوری، سوچھ بھارت، جی ڈی پی، ندیوں کو جوڑنے اور غریب کو گھر دینے جیسے موضوعات پر لوگوں نے اپنے جذبات کو تصویروں اور نعروں کے ذریعہ اظہار کیا ہے۔

3. کتاب میں ڈاکٹر کلام کے مشہور اقوال کو تھیم بنایا گیا ہے، جن میں یہ شامل ہیں۔ ''آپ تب تک خواب دیکھیں، جب تک آپ کے خواب پورے نہیں ہو جاتے''، ''خواب وہ نہیں ہے، جو آپ نیند میں دیکھتے ہیں بلکہ خواب وہ ہے جو آپ کو سونے نہیں دیتا ہے''، ''خواب خیالات میں تبدیل ہوتا ہے اور خیالات کام میں تبدیل ہوتے ہیں''۔ اس کتاب کا آخری باب 'خوابوں کی پرواز' ہے جس میں ڈاکٹر کلام کے اقوال بھی شامل ہیں جس میں انہوں نے کہا۔ ''بڑے خواب دیکھنے والوں کے بڑے خواب پورے ہو جاتے ہیں۔''

4. مسٹر جان نے بتایا کہ ان کی تنظیم نے گزشتہ سال ڈاکٹر کلام کی برسی پر 24/ جولائی کو ''ڈیئر کلام'' نامی کتاب شائع کی تھی جسے معروف انگریزی مصنف ڈاکٹر ششی تھرور اور صنعت کار نارائن مورتی نے جاری کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ پوسٹ باکس نمبر 1683، ''ڈیئر کلام کیئر آف لیٹر فارمز نامی پتہ پر کوئی بھی شخص پوسٹ کارڈ بھیج کر ڈاکٹر کلام کے تئیں اپنے جذبات کا اظہار کر سکتا ہے اور اس طرح کے خوابوں کو پورا کرنے میں اپنا رول ادا کر سکتا ہے۔

5. ''کلام کی خدمات کو ملک کبھی فراموش نہیں کرے گا۔'' کووند

نئی دہلی، 15 /اکتوبر (یو این آئی) صدر رام ناتھ کووند نے آج کہا کہ میزائل مین کے نام سے مشہور سابق صدر مرحوم اے پی جے عبدالکلام ملک کی ممتاز دوراندیش شخصیات میں سے ایک تھے اور ان کی بے مثال خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مسٹر کووند نے سابق صدر کے آبائی شہر رامیشورم سے ''ڈاکٹر کلام سندیش واہنی ویژن 2020''۔ بس میں راشٹرپتی بھون آنے والے بچوں کو خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر کلام ایک عظیم شخصیت تھے۔ ان سے بچوں اور نوجوانوں کو ہمیشہ تحریک ملتی رہے گی۔ ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر کلام ایک عظیم سائنسدان اور عظیم استاد تھے اور صدر کی حیثیت سے جن کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ وہ ایک غیر معمولی شخصیت کے مالک تھے اور کسی بھی ملک کو عظیم بنانے کے لئے نوجوانوں کو عظیم شخصیتوں کی سوانح عمری پڑھنے کی تحریک دینی چاہئے۔